اسلامیات لازمی برائے انٹرمیڈیٹ سال اول

ماڈل سوالیہ پرچہ برائے سال 2022-23 ومابعد

وقت: 2:15 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 40

نوٹ: حصہ دوم، حصہ سوم، اور حصہ چہارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر لکھیں۔ اضافی شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہییں۔

حصہ دوم (کل نمبر 16)

سوال نمبر 2:۔ مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کوئی سے آٹھ اجزاء کے تین سے چار سطروں پر مشتمل مختصر جوابات لکھیے۔ (8x2=16)

(i عقائد کس طرح انسان کے دل و دماغ پر حکمرانی کرتے ہیں؟

(ii عقیدہ آخرت کس طرح انسان کے فکر و عمل پر اثر انداز ہوتا ہے؟

(iii رسولوں کو بھیجنے کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

(iv ارکان اسلام سے کیا مراد ہے؟

(v تقویٰ کا مفہوم واضح کیجیے؟

(vi کوئی سے دو مصارف زکوٰۃ تحریر کیجیے۔

(vii غلاموں کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا ہدایات دی ہیں۔

(viii تسبیح فاطمہ سے کیا مراد ہے؟

(ix قرآن مجید کے کوئی سے دو قرآنی نام تحریر کریں۔

(x ''موطا'' اور ''کتاب الآثار'' کے مؤلفین کے نام تحریر کریں۔

حصہ سوم (کل نمبر 16)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے مفصل جوابات تحریر کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔ (8x2=16)

سوال نمبر 3:۔ عقیدہ توحید سے انسان کے فکر و عمل اور شخصیت میں کون سی نمایاں تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں۔

سوال نمبر 4:۔ نماز کی اہمیت و فضیلت قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 5:۔ مندرجہ ذیل عنوانات پر نوٹ لکھیں:

الف: مساوات　　　　ب: حدیث کی دینی حیثیت

حصہ چہارم (کل نمبر 08)

سوال نمبر 6:۔ مندرجہ ذیل آیات قرآنی آیات میں سے کسی ایک آیت کا ترجمہ و تشریح لکھیں۔ (1+3=4)

(i **لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔** (سورت احزاب)

(ii **ان الصلوۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر۔** (سورت عنکبوت)

سوال نمبر 7:۔ مندرجہ ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔ (2+2=4)

(i **المسلم من سلم المسلمون من لسانہ و یدہ ۔**

(ii **ماعال من اقتصد۔**

نوٹ: باب اول سے لئے گئے جملہ سوالات ایس ایل او طرز کے ہوں گے۔

CS CamScanner

اسلامیات لازمی برائے انٹرمیڈیٹ سال اول

ماڈل سوالیہ پرچہ برائے سال 2022-23 و مابعد

وقت: 15 منٹ | حصہ اول | کل نمبر: 10

سوال نمبر 1:- ہر سوال کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

(i عقیدے کی مثال ہے۔

بیج جیسی۔ ○	درخت جیسی۔ ○
پھل جیسی۔ ○	پھول جیسی۔ ○

(ii زبور نازل ہوئی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ ○	حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ ○
حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ ○	حضرت داؤد علیہ السلام۔ ○

(iii لفظ آخرت کے مقابلے میں کون لفظ ہے؟

دنیا۔ ○	دین۔ ○
قیامت۔ ○	محشر۔ ○

(iv اسلام کی عمارت کتنے ستونوں پر قائم ہے؟

پانچ۔ ○	چار۔ ○
تین۔ ○	دو۔ ○

(v زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے سونے کا نصاب کیا ہے؟

ساڑھے آٹھ تولے۔ ○	ساڑھے پانچ تولے۔ ○
ساڑھے سات تولے۔ ○	ساڑھے باون تولے۔ ○

(vi نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے بنا کر بھیجا گیا ہے۔

معلم۔ ○	مدرس۔ ○
محقق۔ ○	مفسر۔ ○

(vii نبی اکرم ﷺ نے نماز تراویح کتنے دن مسجد میں ادا کی؟

6 دن۔ ○	4 دن۔ ○
5 دن۔ ○	3 دن۔ ○

(viii ذکر کی افضل ترین شکل ہے۔

زکوٰۃ۔ ○	نماز۔ ○
روزہ۔ ○	حج ○

(ix نبی اکرم ﷺ مکہ میں رہے۔

13 سال۔ ○	11 سال۔ ○
8 سال۔ ○	15 سال۔ ○

(x سب سے چھوٹی سورت کون سی ہے؟

سورۃ عصر ○	سورۃ اخلاص ○
سورۃ نصر ○	سورۃ کوثر ○

CamScanner